© rasailojaraid.com


مستفیض ہو رہی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب فضائل کا نچوڑ آپ کی محبوب تصنیف لباب الحدیث جو کہ فضائل اور وعد و وعید کے متعلق ایک ایمان افروز کتاب ہے کا اردو زبان میں سلیس اور آسان ترجمہ ہے جسے فاضل نوجوان مولانا حافظ عبدالغنی صاحب طارق نے انتہائی عقیدت و احترام اور پورے ذوق شوق کیساتھ مرتب کیا ہے موصوف کو اللہ تعالیٰ نے درس و تدریس اور وعظ و تبلیغ کیساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کا ذوق عطا فرمایا ہے جسکے باعث آپکی متعدد تصانیف منصۂ وجود پر جلوہ گر ہوئی ہیں۔ زیر نظر کتاب کا مطالعہ ان شاء اللہ انتہائی خیر و برکت اور روحانی ترقی کا باعث ہوگا۔ جملہ مسلمین اور خصوصاً علماء طلباء اور خطباء حضرات کیلئے اس سے استفادہ کرنا ناگزیر ہے۔

ترجمان صفہ 'پشاور (سہ ماہی) مولانا محمد رحیم حقانی ضخامت: ۴۸ صفحات قیمت: ۱۵ روپے

خط و کتابت کیلئے: دفتر صفہ فاؤنڈیشن تیسری منزل صدف پلازہ محلہ جنگی 'پشاور

زیر تبصرہ سہ ماہی جریدہ ترجمان صفہ وحدت اساتذہ تنظیم کی سرپرستی میں مولانا محمد رحیم حقانی کی زیر ادارت ایک نئے تارے کی صورت میں افق صحافت پر نمودار ہوا ہے۔ جو کہ وقت کی بنیادی ضرورت کی تکمیل کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے بد قسمتی سے ہمارا معاشرہ شرح خواندگی کے لحاظ سے انتہائی پست ہے اور جو حضرات علم و آگہی کی دولت سے تھوڑے بہت بہرہ ور ہیں انکا انداز فکر نظریات و عقائد اور کردار و عمل کچھ قابل رشک نہیں۔ اسی طرح ہماری درسگاہیں جمود کا شکار ہیں جس سے ہمارے نوجوانوں کی صلاحیتیں ضائع ہو رہی ہیں ان خرابیوں کو دور کرنے کیلئے چند اہل درد حضرات نے وحدت اساتذہ کے نام سے ایک تنظیم کی داغ بیل ڈالی۔ جنہوں نے صرف علمی میدان میں قوم کے نونہالوں کی تربیت اور تعلیم کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ بلکہ انکی وسعتِ فکر کو جِلا دینے کیلئے ایسا لٹریچر بھی مہیا کرنے کا ارادہ کیا ہے کی ہے جس سے وہ فکری جمود اور سعی لاحاصل سے بچ سکیں۔ ہم اس بہترین کاوش پر مولانا محمد رحیم حقانی اور انکے رفقاء کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید کرتے ہیں وہ اس محنت طلب کام کو بطریقہ احسن انجام دیتے رہیں گے۔


دَ علم نحو دَ مشہور کتاب کافیہ ابن حاجبؒ

پختو شرح

دروس الکافیه

افادات

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی۔ مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

© rasailojaraid.com

ناشر: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک۔